دی مغل لائن لمیٹڈ (حکومت ہند کا تجارتی ادارہ)

# پروگرام حج ۱۹۷۴ء

| حج ۱۹۷۴ء کی تمام درخواستیں مغل لائن کی جانب سے جاری کردہ نئے درخواست فارم پر قبول کی جائیں گی لہذا پرانے درخواست فارم قطعی طور پر استعمال نہ کئے جائیں۔ |
|---|

**بمبئی سے بحری جہازوں کی روانگی :** ہم انتہائی مسرت کے ساتھ ذیل میں حج ۱۹۷۴ء کے لئے جہازوں کی روانگی کا عارضی پروگرام پیش کرتے ہیں :

| | بمبئی سے روانگی | | جدہ سے روانگی |
|---|---|---|---|
| | **(قبل رمضان)** | | |
| ۱۔ ایم، وی، اکبر | ۳۰ر ستمبر ۱۹۷۳ء | ایس، ایس مظفری | ۹ر جنوری ۱۹۷۴ء |
| | **(بعد رمضان)** | | |
| ۲۔ ایم، وی، اکبر | ۳ر نومبر ۱۹۷۳ء | ایم، وی، اکبر | ۱۳ر جنوری ۱۹۷۴ء |
| ۳۔ ایس، ایس، سعودی | ۸ر نومبر ۱۹۷۳ء | ایس، ایس، سعودی | ۱۵ر جنوری ۱۹۷۴ء |
| ۴۔ ایس۔ ایس، مظفری | ۱۴ر نومبر ۱۹۷۳ء | ایس، ایس، مظفری | ۲۸ر جنوری ۱۹۷۴ء |
| ۵۔ ایم، وی، اکبر | ۱۹ر نومبر ۱۹۷۳ء | ایم، وی، اکبر | ۳۱ر جنوری ۱۹۷۴ء |
| ۶۔ ایس، ایس، سعودی | ۲۷ر نومبر ۱۹۷۳ء | ایس، ایس، سعودی | ۵ر فروری ۱۹۷۴ء |
| ۷۔ ایس۔ ایس، مظفری | ۲ر دسمبر ۱۹۷۳ء | ایس، ایس، مظفری | ۱۵ر فروری ۱۹۷۴ء |
| ۸۔ ایم، وی، اکبر | ۵ر دسمبر ۱۹۷۳ء | ایم، وی، اکبر | ۱۷ر فروری ۱۹۷۴ء |
| ۹۔ ایس، ایس، سعودی | ۱۷ر دسمبر ۱۹۷۳ء | ایس، ایس، سعودی | ۲۵ر فروری ۱۹۷۴ء |
| ۱۰۔ ایس، ایس، مظفری | ۲۰ر دسمبر ۱۹۷۳ء | ایس، ایس، مظفری | ۴ر مارچ ۱۹۷۴ء |
| ۱۱۔ ایم، وی، اکبر | ۲۲ر دسمبر ۱۹۷۳ء | ایم، وی، اکبر | ۷ر مارچ ۱۹۷۴ء |

**کرایہ جہاز :** بمبئی، جدہ، بمبئی کے سفر کا کرایہ مندرجہ ذیل ہے، صرف واپسی ٹکٹ جاری کئے جائیں گے

| فرسٹ کلاس | کرایہ مع خوراکی | محاصل خدمات جدہ و کرایہ موٹر | فارن ٹریول ٹیکس | پلگرم پاس وغیرہ کی فیس | مجموعی رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| بالغ | ۲۴۸۰ روپے | ۱۵۰ روپے | ۲۷۲ روپے | ۱۴ روپے | ۳۰۱۶ روپے |
| بچے ۳ تا ۵ سال | ۱۲۴۰ " | — — | ۱۸۶ " | ۱۴ " | ۱۴۴۰ " |
| بچے ۱ تا ۳ سال | ۱۰۷۴ " | — — | ۱۶۱ " | ۱۴ " | ۱۲۴۹ " |

**اسپیشل ڈیک کلاس** صرف ایم، وی، اکبر میں } یہ انتظام بالائی ڈیک میں مزید سہولتوں مثلاً آرام دہ بستر اور ۶ تا ۱۲ بستروں کے علیحدہ علیحدہ کمپارٹمنٹ کے ساتھ کیا گیا ہے۔

| | کرایہ مع خوراکی | محاصل [illegible] وکرایہ | فارن ٹریول ٹیکس | پلگرم پاس وغیرہ کی فیس | مجموعی رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| بالغ | ۹۵۰ روپے | ۱۵۰ روپے | ★ مستثنیٰ | ۱۴ روپے | ۱۱۱۴ روپے |
| بچے ۳ تا ۵ سال | ۴۷۵ " | - - | ★ " | ۱۴ " | ۴۸۹ " |
| بچے ۱ تا ۳ سال | ۴۲۵ " | - - | ★ " | ۱۴ " | ۴۳۹ " |

## ڈیک کلاس

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بالغ | ۹۰۰ روپے | ۱۵۰ روپے | ★ مستثنیٰ | ۱۴ روپے | ۱۰۶۴ روپے |
| بچے ۳ تا ۵ سال | ۴۵۰ " | - - | ★ " | ۱۴ " | ۴۶۴ " |
| بچے ۱ تا ۳ سال | ۴۰۰ " | - - | ★ " | ۱۴ " | ۴۱۴ " |
| ایک سال سے کم | - | - - | ★ " | ۱۴ " | ۱۴ " |

★ بشرطیکہ درخواست گزار، ان عازمین حج میں ہو جنھیں حکومت ہند نے زرمبادلہ دینا منظور کیا ہے بصورت دیگر کرایہ کا دس فیصد ٹیکس روانگی کے وقت بمبئی میں ادا کرنا ہوگا۔

سال گزشتہ کے جن عازمین کا کرایہ مغل لائن میں جمع ہے وہ اپنے حوالہ نمبر کے اندراج کے ساتھ مزید درکار رقم کا ڈرافٹ روانہ کریں۔

## پابندیاں

حکومت ہند نے عازمین حج کے مفاد عامہ اور ان کی بھلائی کے پیش نظر بعض پابندیاں عائد کی ہیں۔ لہٰذا عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ ان عائد کردہ پابندیوں کو اچھی طرح سمجھ کر درخواست دیں۔ درج ذیل عازمین کی درخواست ناقابل قبول ہوگی۔

(الف) وہ افراد جو گزشتہ پانچ سال یعنی ۱۹۶۹ء تا ۱۹۷۳ء کے درمیان ہندوستان کے کسی بھی حصہ سے فریضۂ حج ادا کر چکے ہیں۔ ایسے افراد حج بدل پر بھی نہ جاسکیں گے۔

(ب) وہ بچے جن کی عمر ۵ اور ۱۴ سال کے درمیان ہوگی۔

(ج) قبل رمضان سفر کرنے والے وہ عازمین جن کے پاس دوہزار (۲۰۰۰) روپے اور بعد رمضان سفر کرنے والے وہ عازمین جن کے پاس ۱۶۷۰ روپے سولہ سو ستر روپے سے کم رقم ہو۔ قبل اور بعد رمضان کے عازمین کو زیادہ سے زیادہ دوہزار روپے تک زرمبادلہ دیا جائے گا۔

(د) وہ خواتین جنھیں جہاز پر سوار ہوتے وقت پانچ ماہ یا اس سے زائد کا حمل ہو۔

(ہ) درج ذیل بیماریوں اور معذوریوں میں مبتلا افراد

(۱) دماغی امراض (۲) تپ دق یا سل (۳) قلبی امراض (۴) شدید دمہ (۵) متعدی جذام (۶) دیگر شدید متعدی بیماریاں یا جسمانی معذوری

شدید بیماری یا خاتون کے حمل پر شبہ کی حالت میں بمبئی میں ان کا طبی معائنہ کیا جائے گا۔ لہٰذا عازمین حج غلط بیانی سے درخواست نہ دیں۔

## درخواست بھیجنے کا طریقہ

حج ۱۹۷۳ء کے تمام عازمین کے لئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ مغل لائن سے بلاقیمت تقسیم کئے جانے والے نئے درخواست فارم پر درخواست دیں۔ پرانے فارم پر دی گئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی

درخواست کے دونوں فارم ہر طرح سے مکمل ہونے چاہئیں اور ان کے ساتھ ہی پوری رقم کا فرسٹ کلاس، اسپیشل ڈیک کلاس یا ڈیک کلاس کا بینک ڈرافٹ بھی ہونا چاہئے۔ درخواست فارم اور بینک ڈرافٹ صرف رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعہ مغل لائن لمیٹیڈ ۱۶ بینک اسٹریٹ، فورٹ، بمبئی ۱ کے نام ۳۰ جولائی ۱۹۷۳ء تک پہنچ جانے چاہئیں۔

(۱) ریاست جموں وکشمیر (۲) منی پور (۳) جزائر انڈمان ونکوبار (۴) جزائر لکادیپ، منی کوئی اور امین دیوی کی درخواستوں کا انتخاب ریاستی حج کمیٹی / ایڈمنسٹریٹر کرتے ہیں لہٰذا ان مقامات کے عازمین حج صرف مقامی حکام کو درخواستیں دیں گے۔

**درخواستیں وصول ہونے کی آخری تاریخ** حج ۱۹۷۴ء کے لئے مقررہ فارم پر تمام درخواستیں مذکورہ بالا طریقہ کے مطابق ہر اعتبار سے مکمل رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعہ اس طرح روانہ کی جائیں کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر ۳۰ جولائی ۱۹۷۳ء یا اس سے قبل پہنچ جائیں۔ دستی طور پر کوئی درخواست دفتر کے کاونٹر پر قبول نہیں کی جائے گی۔ ۳۰ جولائی ۱۹۷۳ء کے بعد پہنچنے والی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی اور اسے بھیجنے والے کو لوٹا دیا جائے گا۔

**درخواست فارم** نئے جاری کردہ درخواست فارم برائے حج ۱۹۷۴ء صرف عازمین حج کو ان کی گذارش پر مغل لائن مفت مہیا کرتی ہے۔ عازمین حج کے لئے لازمی ہے کہ وہ حج ۱۹۷۴ء کے لئے چھپے ہوئے نئے فارم کا استعمال کریں اور پرانے فارم قطعاً استعمال نہ کریں۔ یہ بات خاص طور پر یاد رکھنی چاہئے کہ فارم مہیا کرنے، درخواستیں اور کرایہ کی رقم قبول کرنے یا اس طرح کا کوئی کام انجام دینے کے لئے مغل لائن نے اپنی کوئی شاخ، نمائندہ یا ایجنٹ مقرر نہیں کیا ہے۔

مذکورہ بالا معلومات حج ۱۹۷۴ء کے لئے مغل لائن کے جاری کردہ اعلان کا اختصار ہے۔ مکمل تفصیلات اور درخواست فارم کے لئے لکھئے:

تار کا پتہ "مغل" بمبئی

**مغل لائن لمیٹیڈ**

ٹیلیفون: ۲۵۶۸۳۵

ٹیلیکس: ۰۱۱-۴۰۴۹

۱۶ بینک اسٹریٹ، فورٹ، بمبئی ۱ "MOGUL" BOMBAY

خواتین اور طالبات کے پاکیزہ ماہنامہ

**حجاب**

**مسلم پرسنل لا نمبر**

کے تیسرے سالنامہ کے موقع پر — ایک عظیم پیش کش

جولائی کے پہلے ہفتے میں منظر عام پر

- آسان زبان اور دلکش انداز بیان • مسلم پرسنل لا سے متعلق دلچسپ اور موثر افسانے۔
- مسلم خواتین اور طالبات کی دینی حمیت کا مظاہرہ اور ان کی طرف سے بھرپور نمائندگی
- سوکن کے سوال پر مشہور صاحب قلم اریحین نو مسلم خاتون مریم جمیلہ کا مدیر حجاب کو جواب

قیمت مسلم پرسنل لا نمبر تین روپے (تقریباً دو سو صفحات) سالانہ چندہ: دس روپے

سالانہ خریداروں کو یہ نمبر مفت دیا جائے گا
رجسٹری فیس برائے پرسنل لا نمبر ایک روپیہ } منیجر ماہنامہ حجاب رامپور (یو۔پی)